ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان

Upload on Board website
DEA 13/3

پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2026 کا انعقاد مورخہ 27-03-2026 سے ہو رہا ہے۔ تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان نے تمام پرائیویٹ اُمیدوارارن کی رول نمبر سلپس اُن کے داخلہ فارمز پر تحریر ایڈریس پر بذریعہ رجسٹری ارسال کر دی ہیں۔ اور ریگولر اُمیدواران کی رول نمبر سلپس اُن کے متعلقہ ادارہ کے پورٹل پر آن لائن جاری کر دی گئیں ہیں۔ ریگولر اُمیدواران کے ادارہ جات اپنے پورٹل سے اُمیدواران کی رول نمبر سلپس پرنٹ کر سکتے ہیں۔ وہ اُمیدواران جن کا ہارڈ (Hard) امتحانی سنٹر ہے جس کی نشاندہی ان کی رول نمبر سلپ پر کر دی گئی ہے۔ وہ مورخہ 16-03-2026 تا 19-03-2026 تک اپنے متعلقہ امتحانی سنٹر پر جا کر بائیومیٹرک (Biometric) کا عمل مکمل کر الیں۔ بصورت دیگر وہ شامل امتحان نہیں ہو سکیں گے۔

جن اُمیدواران کی رول نمبر سلپس اعتراضی خطوط (Objection Letters) کا جواب نہ دینے یا بقایا فیس جمع نہ کروانے کی وجہ سے رکی ہوئی ہیں ان کی رول نمبر سلپس اس وقت تک جاری نہ کی جائیں گی جب تک وہ دفتر کو مطلوب کوائف / دستاویزات / بقایاجات جمع نہیں کروا دیتے۔

اگر کسی پرائیویٹ اُمیدوار کو رول نمبر سلپ مورخہ 25-03-2026 تک نہ ملے تو وہ تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان سے رابطہ کر کے یا بورڈ کی ویب سائیٹ (www.bisedgkhan.edu.pk) سے رول نمبر سلپ حاصل کر سکتا ہے۔ اگر اس وجہ سے کسی اُمیدوار کا پرچہ رہ گیا یا وہ امتحان میں شرکت نہ کر سکا تو تمام تر ذمہ داری متعلقہ اُمیدوار پر عائد ہو گی۔ تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان اس کا ذمہ دار نہ ہو گا۔

کنٹرولر امتحانات

نمبر 310 / اے سی (ایم) مورخہ 12 مارچ 2026

1۔ پی ایس ٹو چیئرمین۔

2۔ پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات / سیکرٹری۔

3۔ سسٹم اینالسٹ (اس درخواست کے ساتھ کہ اس پریس ریلیز کو بورڈ کی ویب سائیٹ پر جاری کریں)۔

CS CamScanner